© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

☆ مجلس احرار اسلام جلال پور پیروالہ کے رکن منشی افتخار احمد کے والد، محمد سلیم انصاری کے سسر ملک دلدار احمد مرحوم۔ انتقال: ۲۶؍ مارچ ۲۰۱۲ء

☆ ملتان میں ہمارے کرم فرما ملک مظفر (سپر ہارڈ ویئر) کی اہلیہ اور حافظ طاہر نثار کی ہمشیر مرحومہ انتقال ۳۰؍ اپریل ۲۰۱۲ء

☆ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ساہی وال کے مبلغ مولانا عبدالحکیم نعمانی اور لاہور کے مبلغ مولانا عبدالنعیم رحمانی کے والد محترم مولانا عبدالرحمٰن رحمہ اللہ۔ انتقال: ۳۰؍ مارچ ۲۰۱۲ء

☆ رضوان اللہ امجد چک نمبر L-185/9 ہڑپہ کی والدہ ماجدہ، انتقال: ۵؍ مئی ۲۰۱۲ء

☆ چیچاوطنی چک نمبر ۱۱/۳۰۔ ایل، میں تحفظ ختم نبوت کے حوالے سے مشہور احرار کارکن ماسٹر رشید احمد کی والدہ ماجدہ ۲۳؍ مئی کو انتقال کر گئیں۔ عبداللطیف خالد چیمہ، قاری محمد قاسم، حافظ حبیب اللہ رشیدی اور مولانا منظور احمد نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔

☆ مجلس احرار اسلام بستی پروچڑاں تحصیل خان پور کے مخلص کارکن عبدالغفار کی اہلیہ اور قاری محمد یوسف احرار کی بھتیجی۔ انتقال: ۲۱؍ مئی ۲۰۱۲ء

☆ ختم نبوت بیلجیم کے نائب امیر اور تحریک ختم نبوت کے عالمی سطح پر مشہور کارکن ملک محمد افضل انتقال کر گئے۔ ختم نبوت اکیڈمی لندن کے ڈائریکٹر عبدالرحمٰن باوا، مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ اور مولانا سہیل باوا (لندن) نے ملک محمد افضل کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی تحفظ ختم نبوت کے سلسلہ میں مثالی خدمات پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔

☆ مولانا جمیل الرحمٰن عباسی (بہاولپور) کے والد ماجد۔ انتقال ۳۰؍ اپریل ۲۰۲۱ء

☆ **ملک عطاء اللہ مرحوم:** ملتان کے معروف سیاسی کارکن ملک عطاء اللہ ۷؍ مئی ۲۰۱۲ء کو مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ مرحوم، امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمتہ اللہ علیہ سے بے پناہ عقیدت رکھتے تھے۔ انھوں نے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز قیامِ پاکستان سے قبل مجلس احرار اسلام کے پلیٹ فارم سے کیا۔ وہ ’’احرار سٹوڈنٹس یونین‘‘ (متحدہ پنجاب) کے سیکرٹری جنرل رہے۔ قیامِ پاکستان کے بعد ۱۹۵۸ء تک مجلس احرار سے ہی وابستہ رہے۔ تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳ء کے بعد حکومت نے مجلس احرار کو خلافِ قانون قرار دے دیا۔ ۱۹۶۲ء میں جماعت بحال ہوئی۔ اس دوران ملک عطاء اللہ نیشنل عوامی پارٹی سے وابستہ ہو گئے۔ ۱۹۷۷ء کے عام انتخابات میں جمعیت علماء اسلام کے ٹکٹ پر ملتان سے نواب صادق حسین قریشی کے مقابلے میں صوبائی انتخاب بھی لڑے۔ انھوں نے برصغیر کے عظیم سیاسی و دینی رہنماؤں کو دیکھا اور سنا۔ تحریک آزادی اور پھر پاکستان میں تمام سیاسی تحریکوں میں سرگرم حصہ لیا۔ قید بند کی صعوبتیں برداشت کیں۔ مزدوروں اور کسانوں کے حقوق کے لیے طویل جدوجہد کی۔ سو سال کے قریب عمر پائی۔ ۸؍ مئی کو اُن کی نمازِ جنازہ مجلس احرار اسلام کے نائب امیر سید محمد کفیل بخاری نے پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ اُن کی خطاؤں کو معاف اور حسنات قبول فرما کر مغفرت فرمائے۔ (آمین)

☆ مدرسہ معمورہ کے معاون عطاء اللہ صدیق کی والدہ، انتقال: ۵؍ مئی بروز منگل۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے، لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے (آمین)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## بنتِ امیر شریعت سیدہ اُمّ کفیل بخاری رحمۃ اللہ علیہا

## کے انتقال پر تعزیت کرنے والے حضرات

گزشتہ ماہ خانوادۂ امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کو عظیم صدمہ پیش آیا۔ بنتِ امیر شریعت سیدہ اُمّ کفیل بخاری رحمۃ اللہ علیہا انتقال کر گئیں۔ غم اور صدمے کے اس موقع پر محبانِ امیر شریعت، اکابر علماء، احبابِ احرار اور دیگر بہت سارے بزرگوں، دوستوں اور عزیزوں نے خود تشریف لا کر، فون کے کر کے اور خط کے ذریعے اظہارِ ہمدردی وتسلّی سے ہمارا حوصلہ بڑھایا اور دعاؤں سے نوازا۔ گزشتہ شمارے میں جنازے میں شریک ہونے والے اور تعمیت کرنے والے بعض حضرات کے اسماءِ گرامی شائع کیے گئے تھے تاہم بہت سارے احباب کے نام شائع ہونے سے رہ گئے۔ اکابر و احباب کی طرف سے تعزیت وتسلّی کا سلسلہ اب تک جاری ہے۔ گزشتہ دنوں تعزیت کے لیے تشریف لائے حضرات کے اسماءِ گرامی ذیل میں درج کیے جاتے ہیں۔

مولانا اللہ وسایا، مولانا محمد اسمٰعیل شجاع آبادی، مولانا محمد علی صدیقی، مولانا عبدالحکیم نعمانی، حضرت مولانا عبدالحفیظ مکی مدظلہٗ (عالمی مجلس تحفظِ ختمِ نبوّت)، حافظ محمد ضیاء اللہ، صوبیدار اللہ رکھا، مفتی محمد شاہد صاحب (مجلس احرارِ اسلام ناگڑیاں، گجرات) جناب عبدالوہاب نیازی (جماعتِ اسلامی) مولانا سید محمد اطہر شاہ بخاری (دیپال پور)

**خطوط اور فون کے ذریعے اظہارِ تعزیت کرنے والے حضرات:**

بھائی عبدالقادر ابن حضرت مولانا عبدالعزیز رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ (سرگودھا) حضرت مولانا پیر عبدالرحیم نقشبندی (چکوال) حضرت علامہ خالد محمد مدظلہٗ (مانچسٹر) جناب حافظ محمد ادریس، عمران ظہور غازی (جماعتِ اسلامی، منصورہ) حافظ میاں محمد نعمان ایم پی اے (مسلم لیگ ن، لاہور) جناب اکرام اللہ شاہد (سابق ڈپٹی سپیکر خیبر پختونخواہ اسمبلی، مردان) جناب رشید احمد (کوئٹہ) مولانا قاری عبدالحئی عابد (لاہور) حضرت مولانا اظہار الحق مدظلہٗ، حضرت مولانا انوار الحق مدظلہٗ، مولانا عرفان الحق حقانی، (جامعہ دار العلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک) مولانا مشتاق احمد (چنیوٹ) قاری عبدالجلیل صاحب (گڑھی افغاناں، ٹیکسلا) ڈاکٹر عبدالشکور صاحب (کوٹ ادو) جناب عابد علی (راولپنڈی) مولانا عبدالرؤف چشتی (اوکاڑہ)، پروفیسر محمد اقبال جاوید (گوجرانوالہ)

خانوادۂ امیر شریعت کے تمام حضرات، تعزیت کرنے والے احباب کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے اپنی محبت بھری دعاؤں سے ہمارا غم ہلکا کیا اور ہمیں حوصلہ دیا۔ جن احباب کے نام شائع نہ ہو سکے ان کے بھی شکر گزار ہیں۔ اللہ تعالیٰ سب کو جزائے خیر عطاء فرمائے۔ (آمین)

### دعائے صحت

☆ قاری عبدالغفور مظفر گڑھی کے والد محترم حاجی حافظ غلام نبی صاحب کا آپریشن ہوا ہے۔
☆ مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن بشیر چغتائی صاحب شدید علیل ہیں۔ قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے



© rasailojaraid.com